www.KitaboSunnat.com

یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ علم قراءاتِ عشرہ متواترہ اور اس کے متعلقہ علوم پر اُردو زبان میں ایک بہت بڑا ذخیرہ ماہنامہ 'رُشد' کے ان نمبرات کے ذریعہ اَہل علم کے سامنے آ گیا ہے۔ ہم طالب علموں کیلئے اس دور میں فن قراءات کی پیاس بجھانے کیلئے آسان اور سہل الحصول ذریعہ ان رسائل میں موجود ہے ۔ تمام دینی مدارس بلا تفریق مسلک ومشرب اپنے مدارس ، لائبریریوں میں ان قراءات نمبروں کو داخل فرمائیں۔ علم قراءات پر یہ ایک موسوعہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کی ان مساعی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائیں۔ آمین!

ڈاکٹر قاری اَحمد میاں تھانوی،
نائب مہتمم جامعہ دار العلوم الاسلامیہ، لاہور

[۳]

نحمده و نصلي و نسلم على رسوله الكريم ، أمابعد!

ماہنامہ 'رُشد' قراءت نمبر۲ کا چند چیدہ چیدہ مقامات سے مطالعہ کا موقع ملا۔ الحمدللہ اِنتہائی مسرت ہوئی کہ تمام مضامین اِنتہائی محنت اور تحقیق کے ساتھ لکھے گئے ہیں اور علم قراءت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس سلسلہ سے علم قراءت کو کافی فائدہ ہوگا اور اس علم سے لوگوں کی دلچسپی بڑھے گی۔

قراءات نمبر(۱) اور اب قراءات نمبر(۲)، ان میں نہ صرف علم قراءت کی تاریخ کو جمع کیا گیا بلکہ نبی پاک ﷺ سے لے کر آج تک اس علم کے تواتر کو بھی ثابت کیا گیا ہے۔ اس علم کی اَحادیث اور اہمیت کو بھی کافی پُراثر اَنداز میں اُجاگر کیا گیا ہے۔ اس دور میں جبکہ علم قراءت پر مختلف اَطراف سے اعتراضات اٹھائے جارہے ہیں یہ کاوش اِنتہائی قابل تحسین اور لائق صد مبارکباد ہے۔ جو اعتراضات اٹھائے جارہے ہیں ان کے انتہائی محققانہ اَنداز میں جو جوابات دیئے گئے ہیں ان کو اگر اعتراضات اٹھانے بھی انصاف کا دامن تھام کر پڑھیں گے تو ان کے ذہن بھی بالکل صاف اور مطمئن ہوجائیں گے۔

اس تمام کاوش کا سہرا محترم جناب قاری حمزہ مدنی صاحب، ان کی ٹیم اور معاونین کو جاتا ہے، جنہوں نے نہ صرف اس ضرورت کو محسوس فرمایا بلکہ عملی طور پر قدم بھی اُٹھایا اور ماہنامہ 'رُشد' کے ذریعہ سے قراءات نمبرز کا اِجراء فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام اَحباب، جملہ معاونین کی علم قراءات سے اس محبت کو قبول فرمائے اور مزید خدمت کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے۔ آمین! والسلام

قاری محمد برخوردار احمد سدیدی،
مہتمم جامعہ کریمیہ سدیدیہ، لاہور

[۴]

محترم جناب ڈاکٹر حمزہ مدنی صاحب حفظہ اللہ   السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اُمید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے، حق تعالیٰ آپ کو اپنی حفظ واَمان میں رکھے۔ آمین

خلاصۃ المرام: اس وقت آپ کے رسالہ 'رشد' کے قراءات سے متعلق دو شمارے بندہ کے پاس ہیں، حقیقت یہ ہے کہ اس وقت اِنکارِ قراءات کا فتنہ جس طرح پھن پھیلائے کھڑا ہے، ان دو شماروں میں اس کی سرکوبی کی ایک عمدہ اور اچھی کاوش کی گئی ہے، جس طرح مستشرقین نے قرآن وحدیث میں طرح طرح کے بے سروپا شبہات پیدا کر کے ان

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ